Inguinal Hernia کے بعد کی احتیاط

عام طور پر اس آپریشن کے بعد مریض بغیر کسی پیچیدگی کے ٹھیک ہو جاتے ہیں .لیکن کچھ ضروری احتیاط ابھی بتائی جا رہی ہے۔

پٹی کی احتیاط

اس آپریشن کے بعد جو پٹی کی گئی وہ سادہ سی پٹی ہے۔یہ پٹی ہر دوسرے دن تبدیل کریں۔زخم کو سپرٹ سے صاف کریں اور گھر پر خود ہی پٹی تبدیل کریں۔ہم اِس کے لیے Post-op Opsite Dressing تجویز کرتے ہیں جو ہر فارمیسی سے مل جاتی ھے۔

کب نہلائیں

عام طور پر آپریشن کے پانچ یا چھ دن بعد بچے کو نہلایا جا سکتا ھے۔

دوائیں

آپریشن کے بعد پہلے دو سے تین درد زیادہ ہوتا ہے۔ہم عام طور پر پیناڈول اور بروفن کا سیرپ استعمال کرتے ہیں۔پیناڈال سیرپ دن میں چار مرتبہ ہر چھ گھنٹے بعد (جیسا کہ صبح چھ بجے،دوپہر بارہ بجے،شام چھ بجے،رات بارہ بجے) دیں۔اگر درد زیادہ ہو تو بروفن سیرپ بھی ساتھ دے سکتے ہیں مگر اس کا ٹائم تین گھنٹے کے بعد ہوگا (جیسا کہ صبح 9 بجے،شام دوپہر 3 بج،شام نو بجے،رات تین بجے) تاکہ بچے کو ہر تین گھنٹے بعد ایک درد کی دوا مل جائے۔

اگر کسی دوا کی وجہ سے بچے کو قبض محسوس ہو تو آپ بچے کو پانی فروٹ اور سبزی کا استعمال زیادہ کر دیں۔اگر اس سے بھی قبض ٹھیک نہ ہو تو قبض کشا دوائی دے سکتے ہیں۔

اِس آپریشن کے بعد اینٹی بائیوٹکس نہیں دی جاتی۔

ٹانکے

اگرچہ اس آپریشن میں بہت سے ٹانکے لگائے جاتے ہیں مگر وہ سب خود بخود جذب ہو جاتے ہیں۔اور ٹانکے نکلوانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

بخار

آپریشن کے بعد پہلی رات بخار ہو سکتا ہے جو کہ نارمل ہے اور اس میں پریشانی کی کوئی بات نہیں. آپریشن کے کچھ دن بعد بخار، چڑچڑاپن، کان یا گلے کا انفیکشن ہونے کی صورت میں فوری ڈاکٹر کو دکھائیں۔

سرگرمیاں(Activities)

عام طور پر ہم بچوں کو سرگرمیاں محدود کرنے کا نھیں کہتے۔تاھم کھلونے جیسا کہ جمپر (Jumper)، سائیکل چلانے سے پرہیز کروائیں۔اور یہ احتیاط آپریشن کے تین ہفتے تک ضروری ھے۔

ہنگامی صورتحال(Emergency)

اس آپریشن کے بعد ہنگامی صورتحال (Emergency) ہونے کے خدشات بہت کم ہیں اور زیادہ تر حالات میں آپ کلینک کے ٹائم (شام چار بجے سے آٹھ بجے کے دوران) فون کر کے بات کر سکتے ہیں۔اگر کوئی ایمرجنسی صورتحال ہو یا فوری مسئلہ ہو تو بچے کو لے کر ہسپتال کسی بھی وقت آ سکتے ہیں۔

Dr. Naeem Liaqat